# سمعی مہارت کی مشقیں

## مشق 24

### متن

زلفی بھیا اسلام آباد میں رہتے ہیں۔ ان کا آفس پچھلے سال وہاں منتقل ہوگیا تھا۔ میں اور عمر انہیں بہت یاد کرتے ہیں۔ وہ سال میں صرف ایک بار چھٹیاں لے کر کراچی آتے ہیں لیکن ہم سے ہر روز فون پر بات کرتے ہیں۔ وہ امی جان اور ابا جان سے بات کر کے انہیں اپنی خیریت بتاتے ہیں۔ ابا جان سے کام کے حوالے سے مشورہ بھی کرتے ہیں اور امی سے کھانے کی ترکیبیں بھی پوچھتے ہیں۔ میں انہیں اپنے اسکول کے بارے میں بتاتی ہوں۔ لیکن عمر۔۔۔عمر ان سے بات نہیں کرتا۔ وہ ابھی تک ناراض ہے کہ زلفی بھیا اسلام آباد کیوں گئے۔ امی جان روز انہیں بہت سی دعائیں دیتی ہیں اور اگلے دن فون کرنے کی تاکید کرتی ہیں۔

### سوالات

**سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)**

زلفی _____ اسلام آباد میں رہتے ہیں۔ ان کا آفس پچھلے _____ وہاں منتقل ہوگیا تھا۔ میں اور عمر انہیں بہت _____ کرتے ہیں۔ وہ سال میں صرف ایک بار _____ لے کر کراچی آتے ہیں لیکن ہم سے ہر روز فون پر _____ کرتے ہیں۔ وہ امی جان اور ابا جان سے بات کر کے انہیں اپنی _____ بتاتے ہیں۔ ابا جان سے کام کے _____ سے مشورہ بھی کرتے ہیں اور امی سے _____ کی ترکیبیں بھی پوچھتے ہیں۔ میں انہیں اپنے اسکول کے بارے میں بتاتی ہوں۔ لیکن عمر۔۔۔عمر ان سے بات نہیں کرتا۔ وہ ابھی تک _____ ہے کہ زلفی بھیا اسلام آباد کیوں گئے۔ امی جان روز انہیں بہت سی دعائیں دیتی ہیں اور اگلے دن فون کرنے کی _____ کرتی ہیں۔

**سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (10)**

۱۔ زلفی بھیا_______ میں رہتے ہیں۔

لاہور          علی آباد          اسلام آباد

۲۔ ان کا آفس پچھلے سال وہاں _______ ہوگیا تھا۔

بہتر          منتقل          اچھا

۳۔ میں اور عمر انہیں بہت ــــــــــ کرتے ہیں۔

یاد　　　　تنگ　　　　پریشان

۴۔ وہ سال میں صرف ایک بار ــــــــــ لے کر کراچی آتے ہیں۔

سامان　　　　کتابیں　　　　چھٹیاں

۵۔ ہم سے ہر روز فون پر ــــــــــ کرتے ہیں۔

سوالات　　　　بات　　　　لڑائی

۶۔ ابا جان سے کام کے حوالے سے ــــــــــ بھی کرتے ہیں۔

بحث　　　　مشورہ　　　　اتفاق

۷۔ امی سے کھانے کی ــــــــــ بھی پوچھتے ہیں۔

ترکیبیں　　　　باتیں　　　　کتابیں

۸۔ میں انہیں اپنے اسکول کے بارے میں ــــــــــ ہوں۔

سمجھاتی　　　　جتاتی　　　　بتاتی

۹۔ وہ ابھی تک ــــــــــ ہے کہ زلفی بھیا اسلام آباد کیوں گئے۔

پریشان　　　　حیران　　　　ناراض

۱۰۔ اگلے دن فون کرنے کی ــــــــــ کرتی ہیں۔

درخواست　　　　فرمائش　　　　تاکید

## سننے کی مشق کے بعد بات چیت

کیا آپ بھی کبھی اپنے بھائی یا بہن سے ناراض ہوتے ہیں؟ کن باتوں پر؟

ہمیں بہن بھائیوں سے کتنی دیر تک ناراض رہنا چاہیے؟

***************************************